www.understandquran.com

سبق - 8

عقائد اللہ نے اپنے نہ ماننے والے اور گنہ گار بندوں کے لیے جہنم تیار کی ہے جس میں انہیں ہر قسم کا عذاب ہو گا، اس لیے کہ انہوں نے اللہ کے حکموں کو نہیں مانا اور نافرمانی کی۔

حدیث نبی کریم ﷺ نے فرمایا: راستوں میں بیٹھنے سے بچو۔ صحابہ نے عرض کیا کہ ہم تو وہاں بیٹھنے پر مجبور ہیں، اس لیے کہ وہی ہمارے بیٹھنے کی جگہ ہوتی ہے کہ جہاں ہم بات چیت کرتے ہیں۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر وہاں بیٹھنے کی مجبوری ہی ہے تو راستے کا حق بھی ادا کرو۔ صحابہ نے پوچھا کہ راستے کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نگاہیں نیچی رکھنا، کسی کو تکلیف دینے سے بچنا، سلام کا جواب دینا، لوگوں کو اچھی باتوں کا حکم کرنا اور بری باتوں سے روکنا۔ (بخاری:2465)

دعا رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيْرًا (اسراء: 24)

ترجمہ: اے میرے رب! ان دونوں (ماں اور باپ) پر رحم فرمایئے جیسا کہ انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

سیرت رسول ﷺ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بد زبان اور لڑنے جھگڑنے والے نہیں تھے۔ (بخاری: 3559)

اخلاق و آداب گھر سے باہر رہنے کے آداب:

1. فٹ پاتھ پر چلیں، راستہ پر نہ چلیں
2. راستہ پر چلتے وقت کھیل کود یا بھاگ دوڑ نہ کریں
3. راستہ پر اپنی امی یا ابو کا ہاتھ پکڑ کر چلیں
4. راستہ پر اگر کوئی تکلیف دینے والی چیز (جیسے پتھر وغیرہ) نظر آئے تو اسے ہٹا دیں
5. آس پاس سے گزرنے والوں کو سلام کریں